فتوی نمبر: 15

اللہ تعالیٰ کا غضب اور رضا دونوں اس کی صفات متشابہات ہیں

سوال: 15 اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی مقامات پر اپنے غضب اور ایمان والوں کے لیے اپنی رضا کا اظہار فرمایا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا غضب اور اس کی رضا سے کیا مراد ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کا غضب اور اس کی رضا یہ دونوں اس کی ایسی صفات ہیں جو کہ متشابہات میں سے ہیں۔ ظاہری طور پر ہم صرف یہ جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے غضب سے مراد اس کا غصہ یا ناراضگی ہے اور اس کی رضا سے مراد اس کی خوشی ہے۔ وہ جس سے ناراض ہوگا اس کی سزا جہنم ہے اور وہ جس سے خوش ہوگا اسے جنت میں جگہ عنایت فرمائے گا۔ اس کا غضب اور اس کی رضا، اس کی مخلوق کے غصے یا خوشی جیسی نہیں ہے۔

والمعنى وصف غضب الله ورضاه ليس كوصف ماسواه من الخلق، فهما من الصفات المتشابهات في حق الحق على ما ذهب إليه الإمام تبعا لجمهور السلف، واقتدى به جمع من الخلف.[1]

(1) الفقه الأكبر، بحث في أن الباري جل شانه له يد ووجه ونفس بلا كيف، ص: 68